اطلاع

برائے

حاجیان مکہ معظمہ

منجانب

صاحبان طامس کک اینڈ سن

ایجنٹ حاجیان از طرف گورنمنٹ آف انڈیا

قواعد بنابر آگاہی حاجیان مکہ معظمہ زاد اللہ
شرفاً و تعظیماً بابت سنہ ۱۸۹۰ء جو باہتمام و
حفاظت طامس کوک اینڈ سن حاجیان
مکہ معظمہ تشریف لیجانا چاہتے ہیں

نمبر ۱ سنہ ۱۸۹۰ء کے حج کے واسطے مسافرونکو
خریداری ٹکٹ ٹکٹ فوراً اون اضلاع کے صدر مقام
کے سرکاری خزانون مین سے جہان اہل اسلام بکثرت
آباد ہین عند الطلب مل سکتے ہین اور ریاستہا ے
ہندوستانی مین بھی جہان مسلمان بکثرت آباد ہین مثلاً
حیدرآباد دکن ۔ بڑودہ ۔ بھوپال ۔ بھاولپور

ٹونک جوناگڈھ پالن پور جاوڑہ

جیپور اودیپور گوالیار اندور

پٹیالہ الور وغیرہ مین پولیٹکل ایجنٹون

کے دفتر مین ٹکٹ سفر حج کے دستیاب

ہو سکتے ہین

نمبر ۲ حجاج کو حتی الامکان آرام دینے کی غرض سے

آلبوٹ طامس کوک اینڈ سن نے مطابق سالہائے

گذشتہ کے اس سال بھی خود جہاز کرایہ کئے ہین

جنمین ہر طرح کا انتظام حاجیون کے آرام کے واسطے

کیا گیا ہے۔ تاریخ روانگی جہازات حتی الامکان حسب ذیل ہوگی

۱۲ مارچ ۱۲ اپریل ۲ جون ۱۹ جون

کو بطرف جدہ روانہ ہونگے - ان آگبوٹونکی ٹکٹ صرف طامس
کوک اینڈ سن یا اونکے ایجنٹون ہی کے پاس سے مل سکتے
ہین ۔ حاجیونکو چاہیے کہ اسکا ضرور خیال رکھین - کیونکہ ان
آگبوٹونکا ٹکٹ اورونکو بیچنے کا حق بالکل نہین ہے

نمبر ۳ کرایہ آگبوٹ

بمبی سے جدہ تک کرایہ جہاز حسب ذیل ہے
مگر یہہ صاف طور سے فہمایش کردی جاتی
ہے کہ یہہ کرایہ فقط اونہین حاجیونکے لئے ہے جو پہلے
سے ہمارے ضلع کے ایجنٹون سے ٹکٹ خرید کرین -
اور جو لوگ کہ بمبی مین ٹکٹ خرید کرینگے اونکے لئے نہین
کیونکہ یہان کرایہ شاید زیادہ ہو جائے

آگبوٹ

	جانیکا کرایہ	جانے آنیکا کرایہ
	روپیہ	روپیہ
درجہ اول	۶۰	۹۰
چھتری	۴۰	۶۰
درجہ سوم	۳۰	۵۰

شیرخوار بچے ایک سال کی عمر تک کے مفت اور دس سال کی عمر تک کے نصف کرایہ سے - کرایہ بالامین ریلوے کا کرایہ بمبئی تک داخل نہین - اور نہ جدہ مین اوترنے اور سوار ہونیکا کرایہ داخل ہے - جدہ مین اوترنے اور سوار ہونیکا کشتی کا کرایہ آٹھ آنے یعنی ایک روپیہ ہی یہہ مذکورہ بالا کرایہ کے علاوہ لیا جائیگا

بسبب ریلوے اور آگبوٹ کا ٹکٹ علاوہ آگبوٹ کے ٹکٹ کے صاحبان

طامس کوک اینڈ سن اور اونکے ایجنٹ جدہ تک جانے اور نیز
جانے آنیکا ٹکٹ ریلویکے بڑے بڑے اسٹیشنوں سے جاری
کرینگے - اور حاجیونکو ظاہر کیا جاتا ہی کہ یہہ ٹکٹ اور خصوصًا
جانے آنیکے ٹکٹ خرید کرین جس سے اونکے پیسے اور وقت اور
تکلیف بہت کچھ بچ جاسکتی ہی - مثلاً گذشتہ سال جدہ سے
بمبئی آنیکا تیسرے درجہ کا کرایہ تیس روپیہ سے لیکر پچاس
روپیہ تک بڑھگیا تھا اور دوسرے درجونکا بھی علی ہذا -
اس سے حاجیونکو صاف ظاہر ہوگا کہ ہندوستان چھوڑنیکے
اول آنے جانیکا ٹکٹ لینے سے اونکو کتنا فائدہ ہوگا - کیونکہ ان
ٹکٹونکے خرید کرنیسے جو حقوق کہ ریلویکے قاعدہ کے موجب
مسافرونکو ملنا چاہیے وہ سب مل سکتے ہین یعنی راستے مین

اگر مسافر مقام کرنا چاہین تو کر سکتے ہین ۔

نمبر ۲ تھرو سنگل ٹکٹ مین تمام اخراجات

تھرو سنگل یعنی جانیکا ٹکٹ

بندر جدہ تک یعنی ریلوے و اگبوٹ
و چھوٹھی کشتی کا شامل ہے

نمبر ۳ جانے آنیکے ٹکٹ مین جسین بہت کچھ تخفیف

تھرو ریٹرن یعنی آنے جانیکا ٹکٹ

کی گئی ہے ۔ ریل کا کرایہ اپنے ضلع سے بمبئی
جانے آنیکا اور بمبئی سے جدہ جانے آنیکا اور سوار ہونے
اور اوترنے چھوٹی کشتی کا شامل ہے ایسے ٹکٹ رکھنے والے
حاجیون کے پاس سے جدہ تک جانیکا اور جدہ سے اپنے
شہر مین واپس آنے تک کا کرایہ شامل ہے ۔

نمبر ۴ حاجیونکو چاہیے کہ ٹکٹ کو جلد اپنے صدر مقامونسے

خرید کرلین کیونکہ اس ذریعہ سے ایک تعداد بطور تخمینہ کے حج کو جانیوالونکی معلوم ہوسکتی ہے۔ کوئی مسافر یہہ خیال نکرے کہ ٹکٹ کو پہلے سے خرید نہین کسی قسم کا نقصان ہے۔ کیونکہ درحالت بیماری یا موت کے ٹکٹ پیش کرنے پر روپیہ واپس مل جاویگا۔ بشرطیکہ جہاز کی تاریخ روانگی سے ایک ہفتہ پیشتر بیماری کی حالت اور واپسی ٹکٹ کی خبر دیجاوے

نمبر ۳ اگر کوئی مسافر بعد روانہ ہونیکے راستے مین کسی جگہہ فوت ہوجاوے توجسقدر حصہ مسافت مندرجہ ٹکٹ اوسنے طے کیا ہے وہ وضع کرکے باقی کا روپیہ متوفی کے رشتہ دار یا دوست کے ٹکٹ پیش کرنے پر متوفی کے ضلع کے افسر کے معرفت اوسکے وارثون کو بشرط ثبوت

کامل واپس دیا جائیگا۔

نمبر ۹ ۔ حاجیونکو بمبئی اور جدہ مین ملازمان طامس کوک اینڈ سن سے ہرطرحکی مناسب امداد ملیگی ۔

نمبر ۱۰ ۔ جو مسافر اپنا روپیہ بمبئی کی آفس مین جمع کرینگے اور جدہ مین لینا چاہینگے یا جدہ مین جمع کرکے بمبئی مین لینا چاہینگے تو اونکو رسید کے دکھلانے پر روپیہ ملجاوے گا مگر فی سینکڑا دو روپیہ کمیشن لیا جاوے گا۔ اور یہہ فیس کم سے کم ایک روپیہ ہوگا یعنی پچاس روپیہ سے کم مبلغ کا بھی ایک ہی روپیہ لیا جائیگا جسکی رسید باضابطہ دیجائیگی

نمبر ۱۱ ۔ ہر ایک مسافر کو موافق سرکاری قانون کے جو حال مین دریائی سفر کرنیوالے دیسی مسافرونکے

واسطے نافذ ہوا ہے کافی جگہہ جہاز مین ملیگی ۔

نمبر ۱۲ ہر ایک جہاز کے ہمراہ ایک ڈاکٹر مع ضروری ادویہ کے مقرر کیا جائیگا

نمبر ۱۳ مسافرونکو پاس پورٹ کا دینا مطابق سالہای گذشتہ کو تھی طامس کوک اینڈ سن کے حوالے کیا گیا ہے ۔ یہہ پاس پورٹ یا کاغذ راہداری تمام ضلع کے صدر خزانون مین ہمراہ ٹکٹ کے ملا کرینگے مگر مسافرونکو لازم ہوگا کہ بمبئی مین پہنچکر طامس کوک اینڈ سن کے دفتر حجاج واقع بھینڈی بازار مین آکر پاسپورٹ پر طامس کوک اینڈ سن کا دستخط کرا لین ۔

نمبر ۱۴ حسب خواہش کسی مقام پر طامس کوک اینڈ سن کی طرف سے ایک مسلمان ملازم روانہ کیا جاسکتا ہے ۔ تا کہ

مسافرونکو نہایت آرام وآسایش سے بمبئی تک لاوے
بشرطیکہ اس مقام پر کم سے کم تیس شخص آمادگی سفر کی
بذریعہ تحریر کے ظاہر کرین۔ اس امر کی اطلاع تحریری
تاریخ روانگی آگبوٹ سے دس روز پیشتر کونھی طامس
کوک اینڈ سن کو دینا لازم ہے ۔

نمبر ۸ جو حاجی کہ ہمارے اہتمام سے سفر کرینگے
انہین اپنے مذہبی رسوم کے ادا کرنے مین کسی طرح کی
ہمارے طرف سے مزاحمت نہ ہوگی ۔

نمبر ۹ جہاز پر آب شیرین اور لکڑیان موافق قانون
مفت ملا کرینگی ۔

نمبر ۱۰ جہاز گودی مین برابر کنارے پر لاکر کھڑا کیا

جائیگا تا کہ مسافر بآسانی سوار ہون ۔ اور اونکو چھوٹی چھوٹی کشتی مین بیٹھکر جانے کی ناگوار تکلیف موسم بارش مین نہو ۔

علاوہ امور مذکورۂ بالا کے اگر کچھ اور دریافت کرنا منظور ہو تو کوٹھی طامس کوک اینڈ سن واقع قلعہ بمبئی یا بھنڈی بازار سے خط و کتابت کرنا چاہیئے فقط

بحسن اہتمام جناب حاجی جعفر علی ملازم دفتر حجاج
طامس کوک اینڈ سن

در مطبع علوی واقع بمبئی طبع شد